نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر محکمہ زراعت پنجاب کی جعلی زرعی ادویات وکھادوں کی فروخت میں ملوث افراد کے خلاف زیروٹالرینس پالیسی پر عملدرآمد کرتے ہوئے کاروائیاں جاری۔

امسال صوبہ بھر میں ماہ جنوری کے دوران 54 لاکھ روپے مالیت کی جعلی زرعی ادویات وغیر معیاری کھادوں کو ضبط کیا گیا۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور:15فروری2022(   )ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان احمد بزدار کی ہدایات پر زرعی ٹاسک فورس پنجاب نے صوبہ بھر میں جعلی زرعی ادویات وغیر معیاری کھادوں کی تیاری میں ملوث افراد کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ترجمان محکمہ زراعت نے مزید بتایا کہ گزشتہ ماہ(جنوری2022)میں صوبہ بھر میں ایسے عناصر کے خلاف کاروائیوں کے دوران 17 چھاپے مارے گئے اور 17 ایف آئی آرز کا اندراج عمل میں لایا گیا جبکہ 6 افراد کی گرفتاری عمل میں لائی جا چکی ہے۔اب تک 54 لاکھ روپے مالیت کی جعلی زرعی ادویات وغیر معیاری کھادوں کو ضبط کیا ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ جعلی زرعی مداخل فروخت کرنے والے مافیہ کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جارہا ہے اور اس گھناؤنے کاروبار میں ملوث افراد کو قرار واقعی سزا دی جارہی ہے۔حکومت پنجاب جعلی زرعی ادویات کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف زیروٹالرینس پالیسی کے اصول پر عمل پیرا ہے اور اس کاروبار کی بیخ کنی کیلئے تمام ممکنہ کاروائیاں عمل میں لائی جارہی ہیں۔اس ضمن میں محکمہ زراعت ٹھوس شواہد کی بنا پر ملزمان کے خلاف ہر سطح پر اپنی کاروائی جاری رکھے ہوئے ہے اور جعلی زرعی ادویات کے دھندے میں ملوّث افراد کو قانون کے حوالے کیا جارہا ہے۔ترجمان نے مزید کہا کہ عوام جعلی زرعی مداخل فروخت کرنے والے عناصر کے خلاف شکایات بذریعہ ایس ایم ایس/واٹس ایپ پر **0300-2955539** کر سکتے ہیں۔ایسے تمام عناصر کے خلاف اطلاع موصول ہونے کے 24 گھنٹے کے اندر کاروائی عمل میں لائی جاتی ہے

☆☆☆☆☆